لبنان میں اقوام متحدہ کی عارضی امن فوج (UNIFIL) پر حملے سے متعلق پریس ریلیز

اپریل 18، 2026

ہم آج UNIFIL میں تعینات فرانسیسی اقوام متحدہ امن دستے پر ہوئے حملے کی سخت مذمت کرتے ہیں. ہم شہید ہونے والے بلیو ہیلمٹ کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں اور زخمی ہونے والے دیگر تین امن دستے کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہیں.

2. بھارت نے امن افواج کے خلاف جرائم پر جوابدہی سے متعلق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد نمبر 2589 پیش کی تھی. ہم حکومتِ لبنان سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اس حملے کی فوری تحقیقات کرے اور اس معاملے کے لئے قصورواروں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے، اور اقوام متحدہ کے امن افواج کے خلاف اس جرم پر جوابدہی کو یقینی بنایا جائے.

3. بھارت اقوام متحدہ کے احاطوں اور اہلکاروں کے تقدس اور ان کی حرمت کے احترام کی اہمیت کو ایک بار پھر دہراتا ہے اور تمام فریقین سے اپیل کرتا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے مختارنامے کے تحت تعینات امن دستے کی حفاظت اور سلامتی کو یقینی بنائیں.

نئی دہلی
اپریل 18، 2026